https://www.jmi.ac.in

دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ٹائمس ہائر ایجوکیشن (ٹی ایچ ای) بین علومی سائنس رینکنگ دو ہزار ستائیس میں عالمی سطح پر انھہتر واں مقام حاصل کیا

New Delhi, November 19, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی نے ٹائمز ہائر ایجوکیشن (ٹی ایچ ای) انٹرڈسپلنری سائنس رینکنگ دو ہزار ستائیس میں عالمی سطح پر انھہتر ویں پوزیشن حاصل کی ہے، جس سے یونیورسٹی کے بڑھتی وقار اور عالمی سطح پر اعلیٰ تعلیم کے منظر نامے میں مضبوط موجودگی کی تصدیق ہوتی ہے۔

باوقار دی ورلڈ یونیورسٹی رینکنگس: انٹرڈسپلنری سائنس رینکنگز دو ہزار ستائیس کی جاری کردہ تازہ رینکنگ جامعہ کو دنیا کی صف اول کی یونیورسٹیوں میں جگہ دی ہے، جو تدریس، تحقیق، علم کی تخلیق، اختراعات اور بین الاقوامی مشغولیت میں اس کے مسلسل تعاون کی عکاس ہے۔ واضح ہو کہ یہ درجہ بندی، جامعات کا بین الضابطہ تحقیق سے متعلق کلیدی معیارات کے ضمن میں جائزہ لیتی ہے، بشمول ان پٹ، عمل اور آؤٹ پٹ، باہمی تعاون پر مبنی اور مختلف علوم وفنون کی سائنسی تحقیق کے ذریعے پیچیدہ عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے ان کے تعاون کو اجاگر کرتی ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کا عالمی سطح پر انھہتر واں مقام حاصل کرنا یونیورسٹی کے تعلیمی اور تحقیقی ماحولیاتی نظام کو مضبوط بنانے میں اس کے اساتذہ، محققین، طلبہ، عہدیداران اور عملے کی اجتماعی کوششوں کا ثبوت ہے۔ یہ معیاری تعلیم، مؤثر تحقیق، اختراعات اور ادارہ جاتی ترقی کے لیے یونیورسٹی کی مسلسل وابستگی کو بھی نشان زد کرتا ہے۔

عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اس شان دار کامیابی پر یونیورسٹی کے اساتذہ، محققین، طلبہ، افسران اور عملے کو مبارک باد دی۔ انھوں نے بین الاقوامی رینکنگ میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی شان دار کارکردگی میں ان کی اجتماعی شراکت کو سراہا اور تعلیمی عمدگی، معیاری تحقیق، جدت طرازی، بین علومی تعاون اور عالمی تعلیمی روابط کو فروغ دینے کے ضمن میں یونیورسٹی کے عزم کا اعادہ کیا۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ کو حاصل شدہ اعلیٰ رینکنگ پر مبارک باد پیش کی۔ انھوں نے کہا کہ یہ کامیابی ان پیش رفتوں اور جدید ترین تحقیق کی مظہر ہے جو جامعہ کے محققین نے سائنس اور بین الضابطہ سائنسی علوم کے شعبوں میں حاصل کی ہیں۔ یہ اس اعلیٰ معیارِ تدریس وتحقیق کا اعتراف ہے جسے جامعہ کے اساتذہ نے نہ صرف برقرار رکھا ہے بلکہ امتداد وقت کے ساتھ اس میں مسلسل بہتری لائے ہیں؛ اور اسی بنا پر انہیں قومی اور بین الاقوامی سطح پر وسیع پذیرائی اور شناخت حاصل ہوئی ہے۔

داخلی معیار یقین دہانی سیل (آئی قیواے سی) کی اعزازی ڈائریکٹر، پروفیسر رفعت پروین نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کی پوری برادری کو مبارک باد دی اور مختلف قومی و بین الاقوامی درجہ بندی کے عمل کے لیے درکار ادارہ جاتی اعداد و شمار اور معلومات کو یکجا کرنے، مرتب کرنے، اس کی تصدیق کرنے اور اسے جمع کرانے میں سہولت فراہم کرنے کے حوالے سے آئی قیواے سی ٹیم کی مخلصانہ کوششوں کی ستائش کی۔

جامعہ، آئی قیواے سی ٹیم اور مختلف فیکلٹیز، شعبہ جات، مراکز اور انتظامی اکائیوں کے عملے کی ان گراں قدر خدمات کا بھی اعتراف کرتی ہے، جن کی مربوط کوششوں نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ادارہ جاتی ساکھ کو مستحکم کرنے اور عالمی درجہ بندی کے فریم ورکس میں اس کی شرکت کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ اپنے تعلیمی، تحقیقی اور معیار کی یقین دہانی کے نظام کو مزید مستحکم کرنے، نیز قومی اور بین الاقوامی رینکنگ میں اپنی پوزیشن کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلیٰ، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ